# 24-08-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) حیدرا کے عہدیداروں نے ٹالی ووڈ کے سرکردہ اداکار ناگر جنا کی ملکیت والے این کنونشن سنٹر کو حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں آج صبح منہدم کردیا۔

(۲) تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ گزشتہ سال 9 دسمبر کے آغاز کے بعد سے خواتین کو بسوں میں سفر کی سہولت والی اسکیم مہالکشمی سے تقریباً 81 کروڑ خواتین کو فائدہ پہنچا ہے۔

(۳) مرکزی وزیر کامرس و انڈسٹریز پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بڑے پیمانے پر صنعتوں کو سپلائی چین فراہم کرتے ہوئے کئی ملین افراد کو روزگار کی فراہمی کے ذریعہ ایم ایس ایم ایز ملک کی تعمیر میں اہم رول ادا کررہے ہیں۔

اور

(۴) وزیراعظم مودی کل 11 بجے دن آکاش وانی کے من کی بات پروگرام کے ذریعہ ملک اور بیرون ملک کے عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆☆☆

کمشنر پولیس حیدرآباد سری نواس ریڈی نے بھاگیہ نگر گنیش اتسو سمیتی، خیریت آباد گنیش اتسو سمیتی، تینوں کمشنریٹس سے تعلق رکھنے والے محکمہ پولیس کے ملازمین اور مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کے ساتھ بین محکمہ جاتی تال میل کا اجلاس منعقد کیا تاکہ 7 ستمبر تا 17 ستمبر یہ اتسو آسانی کے ساتھ منعقد کیا جاسکے۔ اجلاس کے دوران بھاگیہ نگر گنیش اتسو سمیتی اور خیریت آباد گنیش اتسو سمیتی کے نمائندوں نے اس فیسٹیول کے سلسلہ میں مختلف قسم کی تشویش سے واقف کروایا جن میں جلوس کے گذرنے کے راستوں پر گڑھے، مخصوص مقامات پر مناسب روشنی، منڈپم کے آرگنائزرس کے لئے گاڑیوں کی دستیابی، وسرجن کے دن کھانے اور پانی کا انتظام بھی شامل ہے۔ اس پر حکام نے کمیٹی کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل کو حل کرنے اور مناسب انتظامات کی یقین دہانی کروائی۔ کمشنر پولیس نے عدالت کے احکام پر عمل کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆☆☆

حیدرآباد ڈیزاسٹر مینجمنٹ اینڈ ایسٹ پروٹیکشن ایجنسی (حیدرا) کے عہدیداروں نے ٹالی ووڈ کے سرکردہ اداکار ناگر جنا کی ملکیت والے این کنونشن سنٹر کو حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں آج صبح منہدم کردیا۔ حیدرا کے عہدیداروں نے مقامی پولیس کے ساتھ مل کر این کنونشن کو منہدم کردیا۔ اس کنونشن سنٹر کے تمڈی تالاب کے ایف ٹی ایل علاقہ میں تعمیر کئے جانے کے الزامات کے بعد اس کنونشن سنٹر کو منہدم کردیا گیا۔ کنونشن سنٹر کو منہدم کرنے کے واقعہ پر اداکار ناگارجن نے سوشیل میڈیا کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پوسٹ میں کہا کہ اس معاملہ میں عدالت کی جانب سے لگائی گئی روک کے خلاف غیرقانونی طور پر ان کے کنونشن سنٹر کو منہدم کرنے پر انہیں دکھ پہنچا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جس اراضی پر یہ کنونشن سنٹر تعمیر کیا گیا تھا وہ پٹہ کی اراضی تھی اور تالاب کی ایک انچ اراضی پر غیرمجاز قبضہ نہیں کیا گیا۔

☆☆☆

وزیراعظم مودی کل 11 بجے دن آکاش وانی کے من کی بات پروگرام کے ذریعہ ملک اور بیرون ملک کے عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 113 واں ایپی سوڈ ہوگا۔ وزیراعظم کے طور پر مسلسل تیسری مرتبہ ذمہ داری سنبھالنے کے بعد مودی کے پروگرام کا یہ دوسرا

اپی سوڈ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ کے مکمل نٹ ورک پر پیش کیا جائے گا۔ آکاش وانی ہندی نشریات کے فوری بعد علاقائی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔

☆☆☆

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، سوریہ پیٹ، محبوب نگر، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں بعض مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ اسی طرح کی صورتحال کل عادل آباد، آصف آباد، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، جےؤ شنکر بھوپال پلی، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اور محبوب نگر میں ہونے کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نرمل، کمرم بھیم آصف آباد، نظام آباد، جگتیال میں شدید بارش ہوئی۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ خواتین کمیشن کی سربراہ این شاردا نے کہا ہے کہ بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے خواتین پر کئے گئے ریمارکس پر افسوس اور معذرت کا اظہار کیا۔ اپنے بیان میں شاردا نے کہا کہ تلنگانہ خواتین کمیشن جو خواتین کے وقار اور حقوق کے تحفظ کے لئے پابند عہد ہے، نے آر ٹی سی بسوں میں سفر کرنے والی خواتین کے بارے میں کے ٹی آر کے قابل اعتراض ریمارکس کے ردعمل کے طور پر انہیں سمن جاری کیا تھا، کمیشن کی کارروائی کے دوران تارک راما راو نے افسوس کا اظہار کیا اور اپنے ریمارکس پر رسمی طور پر معذرت خواہی کی۔ کمیشن ان کی معذرت کو قبول کرتے ہوئے تارک راما راو کو ہدایت دیتا ہے کہ وہ مستقبل میں ایسے ریمارکس کرنے سے باز رہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر مواصلات جیوتر آدتیہ سندھیا نے ٹیلی کام سرویس پروائیڈرس سے خواہش کی ہے کہ وہ تمام اقدامات کریں تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ شہریوں کو معیاری ٹیلی کام خدمات حاصل ہوسکیں۔ انہوں نے ٹیلی کام سرویس پروائیڈرس پر حال ہی میں تشکیل شدہ اڈوائیزری کمیٹی کے دوسرے اجلاس سے خطاب کیا۔ اس قدم کا اہم مقصد شراکت داری کی توسیع اور ہندوستانی ٹیلی کمیونی کیشن ایکو سسٹم کے مستقبل کو شکل دینا اور مبسوط واجتماعی پالیسی فیصلے کرنا ہے۔ سندھیا نے خدمات کے معیار، ترقی کو نئی اونچائیوں پر لے جانے ٹیلی کام شعبہ میں تحقیق وترقی کو فروغ دینے انڈیا 6G ویژن کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

☆☆☆

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) آنے والے گنیش فیسٹول کے دوران ماحول دوست طریقوں کو فروغ دینے شہریوں کو مفت میں گنیش کی مٹی کی 3.10 لاکھ مورتیوں کی تقسیم کے لئے تیار ہے۔ تلنگانہ پولوشن کنٹرول بورڈ گریٹر حیدرآباد میں ایک لاکھ مٹی کی مورتیوں کو دے گا، جبکہ تلنگانہ کے 32 اضلاع میں 64 ہزار مورتیاں تقسیم کی جائیں گی۔ علاوہ ازیں حیدرآباد میٹرو پولیٹن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی (حمڈا) شہر کے مختلف مقامات پر ایک لاکھ 8 انچ والی مٹی کی مورتیوں کی تقسیم کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔

☆☆☆

پوچارام آئی ٹی کوریڈور پولیس نے بی آر ایس لیڈر وجنگاوں کے رکن اسمبلی راجیشور ریڈی کے خلاف ایف آئی آر درج کی ہے جن پر کالج کی

عمارت کے لئے غیر قانونی طور پر تعمیرات کا الزام ہے۔ گھٹکیسر علاقہ سے تعلق رکھنے والے محکمہ آبپاشی کے اسسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئر اے پرمیش کی شکایت کے بعد یہ کیس درج کیا گیا۔ شکایت میں الزام لگایا گیا کہ ریڈی گھٹکیسر منڈل کے وینکٹا پورم گاوں کے نادم تالاب کے بفرزون میں غیر قانونی طور پر کالج کی عمارت کی تعمیر میں ملوث ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کامرس وانڈسٹریز پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بڑے پیمانے پر صنعتوں کو سپلائی چین فراہم کرتے ہوئے کئی ملین افراد کو روزگار کی فراہمی کے ذریعہ ایم ایس ایم ایز ملک کی تعمیر میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے نئی دہلی میں دسویں انڈیا انٹرنیشنل ایم ایس ایم ایز اسٹارٹ اَپ ایکسپو اور سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم ایس ایم ایز سپلائرز اور صارفین دونوں کے لئے خدمات انجام دیتی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں سیاحت اور انفرااسٹرکچر کی ترقی میں ایم ایس ایم ایز اہم رول ادا کرتے ہیں۔ ہندوستان کی برآمدات میں ان کا اہم حصہ ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ گزشتہ سال 9 دسمبر کے آغاز کے بعد سے خواتین کو بسوں میں سفر کی سہولت والی اسکیم مہالکشمی سے تقریباً 81 کروڑ خواتین کو فائدہ پہنچا ہے۔ انہوں نے آر ٹی سی کے گراں قدر خدمات انجام دینے والے ملازمین کو پرگتی چکرا ایوارڈس کی حوالگی کے لئے آر ٹی سی کلیانا منڈپم باغ لنگم پلی حیدرآباد میں منعقدہ تقریب میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ان کی خدمات کا اعتراف کیا اور کہا کہ نمایاں خدمات انجام دینے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی سے ادارہ کی داخلی صلاحیتوں میں اضافہ ہوسکتا ہے، اپنے مظاہرے میں بہتری کے لئے دوسروں میں جذبہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی سی نئی بسوں کی خریداری کا منصوبہ رکھتی ہے۔ حکومت نے پہلے ہی 3035 عہدوں کو منظوری دی ہے جس کے لئے تقررات کا عمل جاری ہے۔ آر ٹی سی کے منیجنگ ڈائرکٹر وی سی سجنار نے کہا کہ ادارہ نے راکھی کے تہوار کے موقع پر 63 لاکھ مسافرین کو ایک مقام سے دوسرے مقام پہنچاتے ہوئے ایک ہی دن میں 32 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل کی جو آر ٹی سی کے لئے ایک ریکارڈ ہے۔ اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے ورنگل 2 ڈپو سے تعلق رکھنے والے ڈرائیور ایم سمپت کے ارکان خاندان کے لئے 1.15 کروڑ روپے مالیت کا حادثاتی انشورنس چک حوالہ کیا۔ اس ڈرائیور کی بجلی کا جھٹکا لگنے سے موت ہوگئی تھی۔